**25.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... مہتاب عالم

**Music**

---------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر رکاوٹوں اور غیر یقینی کی صورتحال کے باوجود بھارت کی ترقی قابلِ ذکر ہے۔ جناب مودی نے گریٹر نوئیڈا میں اترپردیش انٹرنیشنل ٹریڈ شو کا افتتاح کیا۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج راجستھان میں ایک لاکھ 22 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔

☆ بھارت نے ریل پر مبنی موبائل لانچر نظام سے اوسط دوری تک مار کرنے والے اَگنی پرائم میزائل کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔

☆ اسرائیلی فوج کا غزہ شہر میں زمینی حملہ جاری ہے۔ کارروائی کے دوران گذشتہ 24 گھنٹوں میں 80 سے زیادہ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ BCCI نے، ایشیا کپ کے دوران نامناسب رویے کے سلسلے میں پاکستان کے کرکٹ کھلاڑیوں حارث رؤف اور صاحبزادہ فرحان کے خلاف ICC میں شکایت درج کرائی ہے۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-UP TRADE SHOW**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ عالمی رکاوٹوں اور غیر یقینی کے باوجود بھارت کی ترقی قابل ذکر رہی ہے۔ آج صبح گریٹر نوئیڈا میں اترپردیش بین الاقوامی ٹریڈ شو کا افتتاح کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ رکاوٹیں ملک کا دھیان نہیں بھٹکاتیں بلکہ اس صورتحال میں نئی سمت اور نئے امکانات تلاش کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِن رکاوٹوں کے درمیان آج بھارت، آئندہ دہائیوں کیلئے بنیاد مضبوط کررہا ہے اور اس کا مقصد آتم نربھر بھارت کے ملک کے عزم کو پورا کرنا ہے۔

**Byte: PM Indias Growth**

وزیراعظم نے کہا کہ حکومت میک اِن انڈیا پر توجہ مرکوز کررہی ہے اور اس کا مقصد ملک میں چپس سے شپس تک تیار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں دفاعی شعبے کو زیادہ فعال بنایا گیا ہے، تاکہ ایک ایسا ایکو نظام قائم کیا جاسکے، جہاں ہر سامان پر میڈ اِن انڈیا لکھا ہو۔ جناب مودی نے کہا کہ روس کے اشتراک کے ساتھ قائم فیکٹری میں جلد ہی AK-203 رائفلیں تیار ہونے لگیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اترپردیش میں دفاعی کوریڈور قائم کیا گیا ہے، جہاں برہموز میزائل اور دیگر ہتھیار نظام کی مینوفیکچرنگ پہلے ہی شروع ہوچکی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے UPI، آدھار، ڈیجی لاکر اور ONDC جیسے اوپن پلیٹ فارم قائم کئے، جو ہر کسی کو سہولت اور امکانات فراہم کررہے ہیں۔

**1400-PM- Fintec**

انہوں نے کہا کہ اس کا مقصد سب کیلئے پلیٹ فارمس اور سب کیلئے ترقی۔ جناب مودی نے کہا کہ آج سرکار کے ای-مارکیٹ پلیس GeM Portal کے ذریعہ تقریباً 25 لاکھ سامان فروخت کرنے والے اور خدمات فراہم کرنے والے حکومت کو سپلائی فراہم کررہے ہیں۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے جناب مودی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ نئے سلسلے کی تاریخی GST اصلاحات نافذ ہونے کے بعد سے وزیر اعظم کا اترپردیش کا یہ پہلا دورہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریبوں، کسانوں، خواتین، نوجوانوں، متوسط طبقے، تاجروں، چھوٹے اور درمیانہ کاروباری اداروں، سبھی برادریوں کو یہ دیوالی کا تحفہ ملا ہے۔ وزیر اعظم بعد میں راجستھان جائیں گے اور وہاں ایک لاکھ 22 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیراعظم Phalodi، جیسلمیر، جالور اور سیکر میں شمسی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں ورلڈ فوڈ انڈیا 2025 کا افتتاح بھی کریں گے۔ اس 4 روزہ نمائش میں خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے شعبے، خوراک کی پائیدار صلاحیت اور تغذیہ بخش اور آرگنِک غذائی اشیاء کی تیاری کے شعبے میں بھارت کی صلاحیت کی عکاسی کی جائے گی۔x

**PREZ GEOSCIENCE AWARD**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کل نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون کلچرل سینٹر میں ایک تقریب میں باوقار نیشنل جیو سائنس ایوارڈز 2024 عطا کریں گی۔ نیشنل جیو سائنس ایوارڈز، جیوسائنسز کے شعبے میں ملک کے سب سے قدیم اور انتہائی پُروقار اعزازات میں سے ایک ہے۔ x

**PREZ-VRINDAVAN**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج اترپردیش کے ورِندا وَن کے دن بھر کے دورے پر ہیں۔ وہ دلّی کے صفدرجنگ ریلوے اسٹیشن سے ایک خصوصی ٹرین کے ذریعے ورِندا وَن روڈ ریلوے اسٹیشن پہنچی ہیں۔ اترپردیش کے وزیر جناب لکشمی کانت چودھری نے وہاں پہنچنے پر صدرِ جمہوریہ کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ صدرِ جمہوریہ کے دفتر سے موصول ہوئے ایک بیان کے مطابق، صدرِ جمہوریہ وہاں بانکے بہاری مندر، ندھی وَن، Kubja کرشن مندر اور سُداما کوٹی میں درشن اور پوجا کریں گی۔ وہ متھرا میں شری کرشن جنم استھان میں بھی درشن اور پوجا کریں گی۔ x

**SAWACHTA ABHIYAN**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج نئی دلّی میں فوجی ہیڈکوارٹر پر 'سووچھتا ہی سیوا' مہم کے حصے کے طور پر صفائی ستھرائی کرنے والے ورکروں کی عزت افزائی کی۔ اس موقع پر جناب سنگھ نے کہا کہ جس طرح 'سووچھ بھارت ابھیان، ایک تحریک کی شکل میں ملک میں ہر کسی تک پہنچا ہے، وہ حیران کُن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک، اس تحریک کے ایک حصے کے طور پر آج سووچھتا دِوس منارہا ہے۔

**Byte: Rajnath Singh**

**INDIA-MISSILE**

بھارت نے ایک ریل پر مبنی موبائل لانچر نظام سے، اوسط دوری تک مار کرنے والے اگنی پرائم میزائل کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ یہ اگلے سلسلے کا میزائل 2 ہزار کلو میٹر تک کا فاصلہ طے کر سکتا ہے اور مختلف جدید خصوصیات سے آراستہ ہے۔ اِسے ملک میں کہیں بھی لے جایا جاسکتا ہے اور کم دکھائی دینے کے باوجود بہت کم وقت میں اسے لانچ کیا جاسکتا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم ڈی آر ڈی او، Strategic Forces Command (SFC) اور مسلح افواج کو درمیانہ دوری کے اگنی پرائم میزائل کی کامیاب آزمائش پر مبارک باد دی ہے۔×

**SEVA PARV-DEFENCE PRODUTION**

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرؤ کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت دفاعی سازوسامان کی تیاری کو مضبوط کرتے ہوئے بھارت کو خودکفیل اور عالمی دفاعی بازار میں ایک اُبھرتی ہوئی قوت بنارہی ہے۔

**Capsule** پیش ہے ایک رپورٹ۔

دفاعی سازوسامان کی تیاری میں خود کفالت نریندر مودی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ آپریشن سندور کے دوران میڈ اِن انڈیا کی مہارت واضح طور پر سامنے آئی۔ وزیراعظم مودی نے آتم نربھر بھارت کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔

***Byte:PM-Operation Sindoor***

وزیراعظم مودی کی مدت کار میں دفاعی سازوسامان کی سالانہ پیداوار 25-2024 میں اب تک کی سب سے زیادہ ایک لاکھ 50 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ تک پہنچ گئی، جو 15-2014 کے مقابلے تین گنا سے زیادہ ہے۔ میک اِن انڈیا، بھارت کی قومی سلامتی میں ایک لازمی جزو ہے، جس نے پاکستان کے زیرقبضہ کشمیر میں آپریشن سندور کے دوران بھارت کی مؤثر کارروائی میں ایک اہم رول ادا کیا تھا۔ برآمدات میں اضافے اور میک اِن انڈیا جیسی پہل سے عالمی دفاعی بازار میں ایک اہم ملک بننے کے بھارت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## MUST ANNUNCEMENT SEVA PARV

خصوصی سیریز 'سیوا پَروْ' کے حصے کے طور پر آج 100 اعشاریہ ایک میگاہرٹز ایف ایم گولڈ پر سہ پہر تین بج کر 10 منٹ پر، اس کا چوتھا Episode نشر کیا جائے گا، جس کا موضوع ہے 'مٹی سے کامیابی، فارمس اور کسانوں کو مضبوط کرنا'۔x

## VIKSIT BHARAT RUN

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت، امورِ خارجہ کی وزارت کے اشتراک سے جاری سیوا پکھواڑے کے ایک حصے کے طور پر 91 ملکوں کے 150 سے زیادہ مقامات پر وِکست بھارت دوڑ 2025 کا اہتمام کررہی ہے۔ ملک کی تعمیر کیلئے اجتماعی عمل کو تحریک دینے کی غرض سے پہلی بار عالمی سطح پر اس طرح کا قدم اٹھایا جارہا ہے۔ x

## JAISHANKAR-FIPIC MEETING

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت بحرالکاہل خطّے کے ملکوں کے درمیان تعاون سے متعلق فورم FIPIC کے وزرائے خارجہ کی میٹنگ کی میزبانی کی۔ اس میٹنگ کا انعقاد کل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس کے موقعے پر کیا گیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ وہ FIPIC وزرائے خارجہ کی میٹنگ کی میزبانی کرکے بہت خوش ہیں اور انہیں یہ کہتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے تیسری FIPIC سربراہ کانفرنس میں اعلان

کردہ 12 نکاتی عملی منصوبے پر اچھی پیشرفت ہورہی ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور بحرالکاہل خطّے کے ممالک ترقیاتی شراکت دار ہیں نیز اِن ممالک کے ایجنڈے میں لوگوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے اور صحت، ٹکنالوجی، صلاحیت سازی اور تربیت کو خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔x

**ISRAEL OFFENSIVE**

اسرائیل کا غزہ میں زمینی حملہ جاری ہے۔ کل غزہ پٹی میں اسرائیل کے ایک حملے میں 80 سے زیادہ فلسطینی ہلاک ہوگئے۔ یہ حملہ ایک عمارت اور خیموں پر کیا گیا، جہاں بے گھر ہونے والے کنبے پناہ لئے ہوئے تھے۔ اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے حماس کے دو جنگجوؤں پر حملہ کیا ہے اور جانی نقصان کے دعووں کی تردید کی ہے۔ اِس دوران اسرائیلی ٹینک اور فوجی، شہر کی جانب پیش قدمی کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ فوج نے کہا ہے کہ زمینی حملے کا مقصد یرغمالوں کو رہا کرانا ہے، جو اب بھی حماس کے قبضے میں ہیں۔ ساتھ ہی اِس بات کو بھی یقینی بنانا ہے کہ فلسطینی مسلح گروپ کی فیصلہ کن شکست ہو۔

**IRAN NUCLEAR APPREHENCION**

ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی کو بتایا کہ اُن کا ملک نیوکلیائی ہتھیار بنانے یا انہیں باہر سے حاصل کرنے کی کوشش نہیں کررہا ہے۔ صدر Pezeshkian نے کہا کہ تین یوروپی ملکوں برطانیہ، فرانس اور جرمنی کی طرف سے ایران کے خلاف اقوامِ متحدہ کی پابندیاں دوبارہ لگائے جانے کی کوششیں ناجائز اور غیرقانونی ہیں۔ یہ تینوں ممالک 2015 کے ایران نیوکلیائی سمجھوتے کے فریق ہیں۔ x

**BCCI COMPLAINT**

بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے پاکستانی کرکٹ کھلاڑیوں صاحبزادہ فرحان اور حارث رؤف کے خلاف باضابطہ شکایت درج کرائی ہے۔ یہ شکایت 21 ستمبر کو ایشیا کپ کے سُپر فور مقابلے کے دوران، اُن کے نامناسب رویے کے سلسلے میں درج کرائی گئی ہے۔ بھارتی ٹیم نے اِس ناشائستہ طرزِ عمل کیلئے دونوں کھلاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کی مانگ کی ہے۔ پاکستان کی اننگز کے دوران سلامی بلے باز صاحبزادہ فرحان نے اپنی نصف سنچری کی خوشی کا اظہار اپنے بلے کو ایک بندوق کی طرح پکڑ کر کیا۔ شکایت بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC اور میچ کے ریفری Andy Pycroft سے کی گئی ہے۔ x

**ASIA CUP-CRICKET**

کرکٹ میں بھارت دُبئی میں سُپر فور مرحلے کے ایک میچ میں بنگلہ دیش کو 41 رن سے ہرا کر ایشیا کپ ٹی-ٹوئنٹی

کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ آج دُبئی میں ہی سُپر فور مرحلے کے ایک میچ میں بنگلہ دیش کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ رات 8 بجے شروع ہوگا۔ اِس میچ کے نتیجے کے بعد فائنل میں بھارت کے ساتھ کھیلنے والی دوسری ٹیم کا فیصلہ ہوگا۔×

**IYER CAPTAIN INDIA**

بھارتی کرکٹ کھلاڑی **Shreyas Iyer** کو آسٹریلیا کے خلاف کانپور میں ہونے والے تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کیلئے **India-A** ٹیم کا کپتان بنایا گیا ہے۔ یہ میچ **30** ستمبر سے شروع ہوگا۔ **BCCI** نے **Iyer** کو کپتان بنائے جانے کی تصدیق کی ہے۔ اِس دوران **Harshit Rana** اور **Arshdeep Singh** کو **3** اور **5** اکتوبر کو ہونے والے دوسرے اور تیسرے ایک روزہ میچ کیلئے **India-A** ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆